# India-US 2+2 Intersessional Dialogue

September 02, 2021

## بھارت- امریکہ 2+2 انٹرسیشنل ڈائیلاگ

02 ستمبر، 2021

بھارت اور امریکہ نے 1 ستمبر 2021 کو واشنگٹن ڈی سی میں سرکاری سطح پر 2+2 انٹرسیشنل اجلاس کا انعقاد کیا۔ انہوں نے اکتوبر 2020 میں آخری 2+2 وزارتی مذاکرات کے بعد ہونے والی پیش رفت اور اس سال کے آخر میں آئندہ مذاکرات کی تیاریوں کا جائزہ لیا۔ ہندوستانی وفد کی قیادت مشترکہ طور پر وزارت خارجہ میں جوائنٹ سکریٹری (امریکہ) محترمہ وانی راؤ اور وزارت دفاع میں جوائنٹ سکریٹری (بین الاقوامی تعاون) جناب سومناتھ گھوش نے کی۔ امریکی وفد کی قیادت انڈو پیسیفک امور کے اسسٹنٹ سیکریٹری برائے دفاع ڈاکٹر ایلی رتنر نے کی اور ان کے ساتھ پرنسپل ڈپٹی اسسٹنٹ سیکریٹری آف اسٹیٹ برائے جنوبی اور وسطی ایشیائی امور جناب ایرون مسینگا اس میں شریک تھے۔

دونوں فریقین نے بھارت امریکہ سٹریٹجک شراکت داری کے تحت دوطرفہ ایجنڈے میں پیش رفت اور ترقی کا جائزہ لیا، جس میں دفاع، عالمی صحت عامہ، اقتصادی اور تجارتی تعاون، سائنس اور ٹیکنالوجی، صاف توانائی اور آب وہوا سے متعلق مالیات، اور عوام سے عوام کے مابین تعلقات کے امور شامل تھے۔ انہوں نے باہمی مفادات پر مبنی ان شعبوں میں جاری تعاون کو بڑھانے کے مواقع تلاش کیے۔ عصری شعبوں میں تعاون جیسے خلا، سائبر سیکورٹی اور ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

عہدیداروں کو امن، استحکام اور خوشحالی اور آزاد، کھلے اور جامع انڈو پیسیفک خطے کے مشترکہ وژن کے پیش نظر جنوبی ایشیا، انڈو پیسیفک خطے اور مغربی بحر ہند میں حالیہ پیش رفت کے بارے میں جائزہ لینے کا موقع ملا۔ انہوں نے انسداد دہشت گردی، ایچ اے ڈی آر اور میری ٹائم سکیورٹی کے شعبوں میں تعاون بڑھانے کے امکانات پر بھی غور کیا۔

دونوں فریقین نے رواں سال کے آخر میں ہونے والے 2+2 وزارتی مذاکرات سے پہلے بات چیت کو جاری رکھنے پر اتفاق کیا۔

**واشنگٹن ڈی سی**

**02 ستمبر، 2021**

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.